# 21-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔چھتیس گڑھ کے ضلع نارائن پور کے علاقہ Abujhmad میں سلامتی فورسس کے ساتھ ہوئے انکاؤنٹر میں کم از کم 27 نکسلائٹس ہلاک ہوگئے۔مرکزی وزیر داخلہ نے اعادہ کیا ہے کہ مودی حکومت ، 31 مارچ 2026ء تک نکسل تحریک کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی کل تزئین نوشدہ ریلوے اسٹیشن بشمول خواتین کی جانب سے چلائے جوانے والے بیگم پیٹ اسٹیشن کے علاوہ کریم نگراور ورنگل کے اسٹیشنوں کا ورچول طریقہ سے افتتاح کریں گے۔

۳۔پنچایت راج کی وزیرسیتا اکا نے کہاہے کہ قبائلی طلبہ کسی بھی طرح کے دیگرطلبہ کے مقابلہ میں کسی طرح پیچھے نہیں ہیں۔

۴۔نظام آباد اور جنوبی تلنگانہ میں مختلف مقامات پر شدید بارش کے علاوہ گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔وزیراعلیٰ نے بارش کے پیش نظرعہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔

AMRITH BHARAT

وزیراعظم نریندرمودی،تزئین نوشدہ تین ریلوے اسٹیشنوں بشمول خواتین کی جانب سے چلائے جانے والے بیگم پیٹ ریلوے اسٹیشن کے علاوہ ملک بھر کے دیگر 103 ریلوے اسٹیشنوں کا ورچول طریقہ سے افتتاح کریں گے۔ان تمام اسٹیشنوں کی امرت بھارت ریلوے اسٹیشن اسکیم کے تحت تزئین نو کی گئی ہے۔ریلوے عہدیداروں نے بتایا کہ کل کئے جانے والے اس افتتاح کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے چیف پبلک ریلیشن آفیسر سریدھر نے ہمارے نمائندے کو بتایا کہ بیگم پیٹ ریلوے اسٹیشن میں سارا خاتون عملہ برسرخدمت رہے گا جسے 25 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔اسی طرح کریم نگراور ورنگل اسٹیشنوں کی بھی 25 کروڑ روپے سے زائدلاگت کے ساتھ تزئین نوعمل میں آئی ہے جہاں مسافرین کیلئے عصری سہولتیں رہیں گی۔

Sound Byte

SEETHAKKA

حیدرآباد کے علاقہ بنجارہ ہلز میں واقع کمرم بھی آدی واسی بھون میں آج ایک اکیڈیمک سکسس میٹنگ 2025ء منعقد ہوئی۔یہ پروگرام محکمہ قبائلی بہبود کی زیرسرپرستی منعقد کیا گیا۔اِس موقع پر دسویں جماعت،انٹرمیڈیٹ،ایمسیٹ

اور جے ای ای اصل امتحانات میں عمدہ مظاہرہ کرنے والے مختلف تعلیمی اداروں کے قبائلی طلبہ کی کامیابی کو منایا گیا۔ پنچایت راج کی وزیر ڈاکٹر انوسویا سیتا اکا نے اس پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور کہا کہ آج قبائلی طلبہ، دیگر طلبہ کے مقابلہ میں کسی سے پیچھے نہیں ہے۔انہوں نے اس سلسلہ میں اساتذہ کی کاوشوں کی بھی ستائش کی۔ سیتا اکا نے عمدہ مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو تہنیت پیش کی اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## TRIBUTES

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھارت رتن و آنجہانی وزیراعظم راجیو گاندھی کی 34 ویں برسی کے موقع پر آج سکریٹریٹ میں واقع ان کے مجسمہ پر پھول پیش کرتے ہوئے بھرپور خراج ادا کیا۔اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے ٹھوس معاشی اصلاحات اور مستحکم معیشت کیلئے راجیو گاندھی کو سہرا دیا۔اس کے علاوہ انہوں نے نوجوانوں کو ووٹ ڈالنے کے لئے 21 کے بجائے 18 سال کی عمر کے سلسلہ میں بھی آنجہانی وزیراعظم کی بھرپور ستائش کی۔سی ایم نے مزید کہا کہ کانگریس پارٹی ملک کی مسلح افواج کے ساتھ پوری طرح کھڑی ہے، جبکہ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ قومی سلامتی کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہئے۔ریاستی وزیر کرشنا راؤ، پردیش کانگریس کمیٹی صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ، پارٹی کے ارکانِ اسمبلی، ارکانِ کونسل، میئر اور مختلف کانگریسی حامیوں نے بھی راجیو گاندھی کو خراج پیش کیا۔

## NAXALITES

چھتیس گڑھ کے ضلع نارائن پور کے علاقہ ابوجھمت (Abujhmad) میں سلامتی فورسس کے ساتھ ہوئے انکاؤنٹر میں کم ازکم 27 نکسلائٹس ہلاک ہوگئے۔اِس انکاؤنٹر میں نمبالا کیشو راؤ عرف بسواراجو نامی ایک سرکردہ نکسلائٹ بھی مبینہ طور پر ہلاک ہوگیا ہے۔اس پر ایک کروڑ روپے کا انعام تھا۔فائرنگ کے تبادلہ میں سیکورٹی فورس کا ایک جوان زخمی ہوگیا۔علاقہ میں ماؤنوازوں کی بڑی تعداد میں موجودگی سے متعلق اطلاع ملنے پر ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ نارائن پور، دھنواڑہ، بیجاپور اور کونڈا گاؤں اضلاع سے تعلق رکھنے والی ایک ٹیم نے دو دن پہلے مشترکہ آپریشن شروع کیا تھا۔

## IPL

آئی پی ایل ٹی ٹوینٹی کرکٹ ٹورنمنٹ میں آج شام ممبئی انڈینس اور دہلی کیپٹلس کے درمیان وانکھیڑے اسٹیڈیم میں میاچ کھیلا جائے گا۔یہ میچ ساڑھے سات بجے شام سے شروع ہوگا۔ چونکہ اس میچ کے دوران بارش کے 85 فیصد

امکانات ہیں، لہٰذا میچ کا انعقاد مشکل نظر آتا ہے۔ نتیجہ حاصل کرنے کے لئے ڈکورتھ لوئیز سسٹم یعنی ڈی ایل ایس طریقہ پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف اضلاع نظام آباد، کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے علاوہ شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے شمالی وجنوبی اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھرپور امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اِن اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اسی دوران شہر حیدرآباد میں آج دوپہر سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ شہر میں موسم ابر آلود ہوگیا ہے۔ مختلف علاقوں میں پانی جمع ہوجانے اور ٹریفک میں خلل پڑنے کی اطلاعات آئی ہیں۔

KTR

ٹی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ کو تباہ کردینے اور تلنگانہ کی ترقی کو جوکھم میں ڈال دینے پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس کی حکمتِ عملیوں سے عوام اس کی ناکامیوں کو بخوبی دیکھ رہے ہیں۔ نلگنڈہ میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے راما راؤ نے کہا کہ کانگریس اور بی جے پی دونوں پارٹیاں سیاسی کھیل کھیلنے میں مصروف ہیں اور عوام کے حقیقی مسائل کو نظرانداز کررہی ہیں۔ سابق وزیر نے مزید کہا کہ نلگنڈہ میں سنکے سلا پراجکٹ کی دیوار منہدم ہوگئی ہے۔ تاہم حکومت ہنوز اسے نظرانداز کررہی ہے۔

SC-JUSTICE VERMA

سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے جج یشونت ورما کے خلاف ایف آئی آر درج کئے جانے کے سلسلہ میں ایک درخواست کی سماعت سے آج انکار کردیا۔ یشونت ورما کی نئی دہلی میں واقع سرکاری قیام گاہ سے مبینہ طور پر نقد رقم برآمد ہوئی تھی۔ جسٹس ابھئے اوکا اور اوجل بھوئن پر مشتمل ایک بنچ نے یہ بات نوٹ کی کہ چیف جسٹس نے پہلے ہی تحقیقاتی رپورٹ کو آگے بڑھادیا ہے اور جج کے ردِعمل سے صدر اور وزیراعظم کو واقف کرادیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ اس سلسلہ میں داخل کی جانے والی درخواست کو سب سے پہلے مناسب عہدیداروں کے پاس پیش کرنا ہوگا۔

NAXALISM

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے چھتیس گڑھ میں ماؤنوازوں کے خلاف آج کئے گئے آپریشن کو نکسل ازم کے خاتمہ کی لڑائی میں ایک اہم پیشرفت قرار دیا۔ شاہ نے اپنے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ نارائن پور میں ہوئے آپریشن میں سیکوریٹی فورسس نے 97 ماؤنوازوں بشمول ممنوعہ سی پی آئی ماونواز کے جنرل سکریٹری کو ہلاک کردیا۔ یہ ماؤنواز نکسل تحریک کی ریڑھ کی ہڈی تھا۔ امیت شاہ نے مزید کہا کہ نکسل ازم کے خلاف لڑائی کی تین دہائیوں کے دوران ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ کسی ماؤنواز جنرل سکریٹری کو ہلاک کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس اہم کامیابی پر بہادر سیکورٹی فورسس اور ایجنسیوں کی ستائش کی۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن بلیک فاریسٹ کو مکمل کرنے کے بعد چھتیس گڑھ، تلنگانہ اور مہاراشٹرا میں 54 نکسلائٹس کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ 84 نکسلائٹس نے خودسپردگی اختیار کی۔ امیت شاہ نے بتایا کہ مودی حکومت، 31 مارچ 2026ء تک نکسل تحریک کے خاتمہ کا عزم رکھتی ہے۔

CM - ALERT

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ چوکس رہیں کیونکہ حیدرآباد اور دیگر مختلف اضلاع میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے چونکہ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آئندہ تین دن کے دوران مزید بارش کی پیش قیاسی کی ہے لہٰذا سی ایم نے تمام محکموں پر زور دیا ہے کہ احتیاطی اقدامات کرتے ہوئے کسی بھی مسئلہ کو ٹالنے کی کوشش کریں اور عوامی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ ریونت ریڈی نے اضلاع کے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ خریداری مراکز اور مارکٹ یارڈس میں اناج کی حفاظت کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ حیدرآباد میں ریونت ریڈی نے میونسپل اور بلدی عملہ کو ہدایت دی کہ سڑکوں پر جمع ہوئے پانی کی نکاسی کیلئے فوی اقدامات کئے جائیں اورٹرافک میں خلل کو دور کرنے علاوہ برقی منقطع ہونے کے واقعات سے بھی فوری طور پر نمٹا جائے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں جی ایچ ایم سی، محکمہ پولیس، ٹریفک پولیس اور محکمہ برقی کے درمیان تال میل کی ضرورت پر زور دیا تاکہ بارش کے سبب مختلف مسائل کو حل کیا جاسکے۔

AB - WARANGAL:

تزئین نوشدہ ورنگل ریلوے اسٹیشن کو بھی کل عوام کیلئے کھول دیا جائے گا۔ اس اسٹیشن کی تعمیر 25.41 کروڑ روپے کی لاگت سے عمل میں آئی ہے۔ اس اسٹیشن میں مسافرین کیلئے مختلف سہولتیں رکھی گئی ہیں، جن میں ویٹنگ روم، تین لفٹ،

چار اسکلیٹرس اور ایک فوٹ اوور برج شامل ہیں۔ بعض مسافرین نے ہمارے آکاش وانی کے نمائندے سے بات چیت کی اور ورنگل اسٹیشن میں فراہم کی گئی مختلف سہولتوں پر خوشی کا اظہار کیا۔

SOUND BYTE

POLICE

میڑچل ملکاجگری کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس کوٹی ریڈی نے حساب کتاب، بروقت تحقیقات اور سرگرم پولیس سرگرمیوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے مجوزہ بقرعید کے پیش نظر نگرانی کا سخت عمل برقرار رکھنے اور ٹرولنگ کے علاوہ چک پوسٹس پر سخت چوکسی کے ساتھ نظم وضبط کی برقراری پر زور دیا۔ آج جرائم سے متعلق ماہانہ میٹنگ منعقد ہوئی جس میں کوٹی ریڈی نے لاء اینڈ آرڈر اور مجرمانہ تحقیقات سے متعلق مختلف اہم امور کی پیشرفت اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔